الیکشن کمیشن آف پاکستان
شعبہ تعلقات عامہ
پریس ریلیز

مو رخہ 3ستمبر 2020ء

آج الیکشن کمیشن کا صوبہ سندھ میں بلدیاتی انتخابات کے انعقاد سے متعلق اہم اجلاس ہوا جس کی صدارت جناب سکندر سلطان راجہ چیف الیکشن کمشنر نے کی۔ اجلاس میں ممبران الیکشن کمیشن کے علاوہ الیکشن کمیشن کے سینئر افسران بھی موجود تھے۔

اجلاس میں رہنما پاکستان پیپلزپارٹی جناب تاج حیدر اور جناب نثاراحمد کھوڑو کے خطوط جو انھوں نے الیکشن کمیشن کو ارسال کئے، زیر غور آئے ان خطوط کے مطابق الیکشن کمیشن آئین پاکستان کے آرٹیکل51(5)کے تحت پابند ہے کہ صوبہ میں حلقہ بندی صرف اور صرف محکمہ شماریات کے طرف سے جاری کردہ سرکاری طور پر شائع شدہ آبادی کے اعدادو شمار کو مدنظر رکھتے ہوئے کر سکتا ہے۔ جب تک محکمہ شماریات آبادی کے حتمی اعدادوشمار شائع نہیں کرتا الیکشن کمیشن صوبہ سندھ میں حلقہ بندیاں نہیں کر سکتا۔

اجلاس میں خطوط اور میڈیا میں آنے والے بیانات پربھی غورکیا گیا۔الیکشن کمیشن نے دفتر کو حکم دیا کہ گورنمنٹ آف سندھ کوچٹھی لکھی جائے اور انہیں مورخہ 7ستمبر 2020 ء دن 11بجے الیکشن کمیشن اسلام آباد آنے کی ہدایت کی جائے تاکہ الیکشن کمیشن حکومت سندھ کے سرکاری موقف کی سماعت کرےاوراس پرقانون کے مطابق مناسب فیصلہ کیا جا سکے۔

****